# رمضان کی تشریف آوری کے وقت پڑھی جانے والی دعا

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ لِرَمَضَانَ وَ سَلِّمْ رَمَضَانَ لِیْ وَ سَلِّمْہُ مِنِّیْ مُتَقَبَّلًا

**ترجمہ :**

اے اللہ! تومجھے رمضان (کی برکتیں پانے) کے لیے سلامتی عطا فرما، اور رمضان کو میرے لیے (بخشش کا ذریعہ بنا کر) سلامتی والا بنا، اور اسے سلامتی کے ساتھ میرے اعمال کی قبولیت والا بنا۔

**حدیث مبارک میں ہے :** عن عبادۃ بن الصامت قال: کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا ھؤلاء الکلمات إذا جاء رمضان اَللّٰھُمَّ سَلِّمْنِیْ لِرَمَضَانَ وَ سَلِّمْ رَمَضَانَ لِیْ وَ سَلِّمْہُ مِنِّیْ مُتَقَبَّلًا ترجمہ : حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب رمضان کا مہینہ آتا، تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ و سلم ہمیں یہ (اوپر ذکر کردہ) کلمات سکھاتے۔ (کنز العمال، جلد8، صفحہ584، رقم الحدیث: 24277، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ)

## رمضان کی تشریف آوری پر پڑھی جانے والی ایک اور دعا

اَللّٰھُمَّ اَظَلَّ شَھْرُ رَمَضَانَ وَ حَضَرَ، فَسَلِّمْہُ لِیْ وَ سَلِّمْنِیْ فِیْہِ، وَ تَسَلَّمْہُ مِنِّیْ، اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ صِیَامَہٗ وَ قِیَامَہٗ صَبْرًا وَّ اِحْتِسَابًا وَّ ارْزُقْنِیْ فِیْہِ الْجِدَّ وَ الْاِجْتِھَادَ وَ الْقُوَّۃَ وَ النَّشَاطَ وَ اَعِذْنِیْ فِیْہِ مِنَ السَّآمَۃِ وَ الْفَتْرَۃِ وَ الْکَسَلِ وَ النُّعَاسِ وَ وَفِّقْنِیْ فِیْہِ لِلَیْلَۃِ الْقَدْرِ وَ اجْعَلْھَا خَیْرًا لِّیْ مِنْ اَلْفِ شَھْرٍ

**ترجمہ :**

اے اللہ! رمضان کے مہینہ کا سایہ ہم پر پڑ چکا اور وہ (مہینہ) تشریف لے آیا، پس تو اسے میرے لیے سلامتی والا بنا دے اور میری اس مہینے میں گناہوں سے حفاظت عطا فرما اور اس مہینے کے میرے اعمال کو قبول فرما۔ اے اللہ! مجھے صبر اور ثواب حاصل کرنے (کی امید) کے ساتھ اس کے روزے رکھنے اور اس

میں قیام کرنے کی توفیق عطا فرما، اور مجھے اس میں (عبادت کے لیے) بھرپور جدوجہد اور طاقت اور چستی و توانائی عطا فرما اور مجھے اس میں اکتاہٹ، کمزوری، سستی اور غنودگی سے پناہ عطا فرما اور مجھے اس میں شب قدر عطا فرما اور اسے (شب قدر کو) میرے لیے ہزار مہینوں سے بہتر بنا دے۔ (الدعاللطبرانی، جلد1، صفحہ284، رقم الحدیث: 914، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net